# ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس پاکستان

## تحریری امتحان - ہدایات برائے امیدوار

1. اے ایس ایف بھرتی 2022 کے لیے تحریری امتحان کا انعقاد مورخہ 31 مارچ 2022 سے کیا جارہا ہے۔ اُمیدوار ٹیسٹ کیلئے حاضر ہوتے وقت **اصل شناختی کارڈ، اوریجنل FIT/PASS فزیکل / میڈیکل ٹیسٹ سلپ، امتحانی گتہ، کالا / نیلا پین** اور **SMS کا پرنٹ** ہمراہ لائیں۔

2. تحریری امتحان میں صرف کالا یا نیلا Pen / Ball Pen استعمال کریں۔ کسی دُوسرے رنگ کی سیاہی یا Lead Pencil کا استعمال منع ہے۔

3. **اُمیدوار مقررہ تاریخ پر، امتحانی وقت شروع ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے اپنے متعلقہ ٹیسٹ سنٹر پر حاضر ہو۔** اگر کوئی اُمیدوار اپنی مقرر کردہ تاریخ اور Batch میں تحریری امتحان کے لئے حاضر نہیں ہوتا تو اُس کو کسی اور تاریخ و شفٹ میں امتحان دینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔

4. امیدواروں کو 6 ہندسوں کا نیا تحریری ٹیسٹ رول نمبر جاری کیا گیا ہے۔ تحریری ٹیسٹ کے لئے صرف تحریری ٹیسٹ رول نمبر کو مختص کی گئی جگہ پر لکھیں اور جوابی کاپی پر متعلقہ دائروں کو پُر کریں۔

5. موبائل فون، کیلکولیٹر، الیکٹرانک ڈیوائس یا کسی اور قسم کا غیر قانونی مواد (تحریری نوٹس، کاغذ، سادہ کاغذ، کتاب، ڈکشنری وغیرہ) ساتھ لانا ممنوع ہے۔ امیدوار کو مکمل تلاشی اور جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ سینٹر میں داخلہ کی اجازت دی جائے گی۔

6. کسی بھی اُمیدوار کو امتحان کے دوران اپنی جگہ چھوڑنے کی اجازت نہ ہو گی۔

7. جوابی کاپی پر دی گئی جگہوں پر صرف اپنے تمام کوائف لازمی درج کریں اور جوابات کے لئے صحیح اور متعلقہ دائرے کو پُر کریں۔ کوائف صحیح پُر نہ کرنے کی صورت میں کمپیوٹر آپ کے پیپر کی شناخت نہیں کرے گا۔

8. امتحانی مرکز میں لمحہ بہ لمحہ ہونے والے اعلانات اورامتحانی قواعد اور کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی پر کوائف کے اندراج کے دوران بھی Announcement اور رہنمائی کو انتہائی غور سے سُنیں۔

9. جوابی کاپی پر Tape / Correction Fluid یا Cutting کرنا منع ہے۔ جوابی کاپی کو Fold اور Staple نہ کریں اور نہ ہی دائرے کے باہر نشان لگائیں ورنہ کمپیوٹر آپ کی جوابی کاپی کو قبول نہیں کرے گا۔

10. سوالیہ پیپر / جوابی کاپی کی تصویر بنانا یا کسی دُوسرے پیپر پر سوالات اُتارنا قطعی منع ہے۔

11. امیدواروں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ کسی قسم کی غیر قانونی مدد طلب کرنا یا فراہم کرنا قطعی منع ہے۔ ایسا کرنے پر تادیبی کاروائی عمل میں آئے گی۔

12. امتحانی مرکز میں موجود اُمیدواروں کے لئے امتحان سے متعلق تمام قواعد وضوابط پر عمل کرنا لازمی ہو گا۔ امتحانی عمل کے دوران کسی بھی اُمیدوار کی طرف سے بد نظمی / نقل / خلل پیدا کرنے پر اُس کو نااہل قرار دیا جائے گا اور ASF اس عمل پر اُمیدوار کے خلاف قانونی کاروائی کرنے کا حق بھی محفوظ رکھتی ہے۔

13. مزید براں! چند سماج دشمن عناصر جعلی بھرتی اشتہار / کالز / میسج / لیٹرز وغیرہ سے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، لہٰذا ایسی تمام جعلی خبروں و معلومات سے خود کو محفوظ رکھیں، ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس، عوام الناس کو گمراہ کرنے والے افراد / ویب سائٹس / بلاگز کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کا مجاز ہے۔

14. تحریری امتحان کے لئے کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔


15. COVID-19 کی احتیاطی تدابیر / SOP پر سختی سے عمل کریں اور سماجی فاصلہ، ماسک اور ضروری احتیاطی تدابیر کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

# ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس پاکستان

## جوابی کاپی (Answer Sheet) کو پُر کرنے کا طریقہ

1. جوابی کاپی کو انتہائی احتیاط سے استعمال کریں اور اس کے تمام کوائف کو انتہائی دیکھ بھال کر صرف کالا یا نیلا Ball Pen/Pen سے پُر کریں۔

2. یہ یقین کریں کہ Question Paper اور Answer Sheet اُسی آسامی/Batch کا ہے، جس کا آپ امتحان دینے آئے ہیں اور جوابی کاپی پر دیے گئے تمام کوائف کو بھرنے کے لیے نیچے دی گئی ہدایت کے مطابق عمل کریں۔




3. **پیپر کوڈ (Paper Code):** اپنے سوالیہ پیپر پر دیئے گئے پیپر کوڈ کے مطابق جوابی کاپی پر متعلقہ دائرہ کو بھریں، مثلاً آپ کا پیپر کوڈ "Red" ہے تو آپ "Red" کے نیچے دائرہ کو پُر کریں۔

4. **تحریری امتحان کا رول نمبر (Written Test Roll No):** امیدواروں کو ASF کے آفیشل ایس ایم ایس پورٹل Join ASF کے ذریعے بذریعہ SMS چھ ہندسوں کا نیا **WRITTEN TEST ROLL NO** جاری کیا گیا ہے، موصول شدہ SMS میں دیے گئے نئے تحریری ٹیسٹ رول نمبر کو اپنی جوابی کاپی میں لکھیں اور تحریری ٹیسٹ رول نمبر کے مطابق دائرے پُر کریں۔

5. **شناختی کارڈ نمبر (CNIC Number):** اپنے شناختی کارڈ نمبر کا درست اندراج کریں۔

6. **اُمیدوار کا نام (Candidate Name):** اُمیدوار اپنا نام انگریزی میں درست spellings میں بڑے حروف (Capital/Block Letters) میں لکھیں۔

7. **ولدیت (Father Name):** اُمیدوار اپنے والد کے نام کا درست Spellings لکھیں۔

8. **تاریخ پیدائش (Date of Birth):** اپنی تاریخ پیدائش کا درست اندراج کریں۔

9. **تعلیم (Qualification):** Qualification والے کالم کے سامنے، اپنی اعلیٰ تعلیم/ڈگری کے نام کا اندراج کریں۔

10. **رابطہ نمبر (Contact No):** Contact No والے کالم کے سامنے، اپنے مستقل فون نمبر کا اندراج کریں۔

11. **اُمیدوار کے دستخط (Signature of Candidate):** اپنے دستخط لازمی کریں۔


12. **ڈومیسائل (Domicile):** اپنے ڈومیسائل کے صوبے کے مطابق صوبے کے سامنے دیے گئے دائرے کو پُر کریں۔

13. **جنس (Gender):** اپنی جنس کے مطابق Male یا Female کے سامنے دیے گئے دائرے کو پُر کریں۔

14. **مذہب (Religion):** اپنے مذہب کے مطابق Muslim یا Non-Muslim کے سامنے دیے گئے دائرے کو پُر کریں۔

**مندرجہ بالا کسی کالم کو غلط بھرنے یا چھوڑنے کی وجہ سے آپ کی جوابی کاپی Scan نہیں ہو سکے گی اور مسترد ہو سکتی ہے۔ لہٰذا تمام کالمز کے اندراجات کو بغور دیکھیں اور متعلقہ دائرے ضرور پُر کریں۔**

15. ہر سوال کے چار جوابات دیئے گئے ہیں اور اسی تناسب سے جوابی کاپی پر چار دائرے موجود ہیں۔ جس کو آپ درست سمجھتے ہیں، اسی متعلقہ سوال کے درست دائرے کو بھریں۔




16. جوابی کاپی کی غلط مارکنگ کو مثالوں سے واضح کیا گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں دو دائروں کو نہ بھریں، ایسی صورت میں جواب کو غلط تصور کیا جائے گا۔ اسی طرح آدھا دائرہ بھرنے، کراس (X) یا ٹک لگانے (✓) پر آپ کی جوابی کاپی Scan نہیں ہو سکے گی اور مسترد ہو سکتی ہے۔



17. کوائف کے متعلق کسی کالم کے بارے میں سمجھ نہ آ رہی ہو تو غلط دائرے پر نشان نہ لگائیں بلکہ اپنی قطار کے نگران رہنمائی حاصل کریں۔